Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all sessions)**

# اُردو لازمی (انشائی) گروپ-I

نمبر:60

وقت: 2:10 گھنٹے

10
2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (حصہ نظم سے تین جبکہ حصہ غزل سے دو اشعار)

(حصہ نظم)

i. آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا
ii. جو بے داغ لالہ، جو بے خار گل ہے — وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے، وہ تُو ہے
iii. سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!
iv. ہے تیرے گلستاں میں بھی فصلِ خزاں کا دور — خالی ہے جیبِ گُل، زرِ کامل عیار سے

(حصہ غزل)

i. آتشِ غم میں دل بُھنا شاید — دیر سے بو کباب کی سی ہے
ii. مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا — وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا
iii. بُلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گِلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

10
3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔

(الف) انسان بھی، مثل اور حیوانوں کے ایک حیوان ہے اور جب کہ اُس کی دلی قویٰ کی تحریک سُست ہو جاتی ہے اور کام میں نہیں لائی جاتی، تو وہ اپنی حیوانی خصلت میں پڑ جاتا ہے اور جسمانی باتوں میں مشغول ہو جاتا ہے اور انسانی صفت کو کھو کر پورا حیوان بن جاتا ہے۔ پس ہر ایک انسان پر لازم ہے کہ اپنے اندرونی قویٰ کو زندہ رکھنے کی کوشش میں رہے۔

(ب) ایک مقنن ایک اُصول قائم کرتا ہے، دوسرا اُس کو توڑ دیتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی رائے کو کسی دوسرے کی تجویز کا پابند کریں، میں نے اپنے برابر والے سے پوچھنے کی کوشش بھی کی، کچھ ادھر اُدھر نگاہ بھی دوڑائی، مگر گارڈ صاحب میری حالت کو کچھ ایسا تاڑ گئے تھے کہ ہر وقت بلائے ناگہانی کی طرح سر پر ہی کھڑے رہتے تھے۔

10
4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔

i. اللہ کا گدا کس میں مگن رہتا ہے؟
ii. علامہ اقبال نے کونسی دو زبانوں میں زیادہ شاعری کی؟
iii. میر نے ''نیم باز آنکھوں کی مستی'' کو کیا قرار دیا ہے؟
iv. حضرت بی کون تھیں اور انہوں نے سلیم کو کیا نصیحت کی؟
v. روزانہ آرام وسکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟
vi. سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام کیا تھا؟
vii. مرزا فرحت اللہ بیگ ابتدا میں کس قلمی نام سے لکھتے رہے؟
viii. بُلبل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

05
5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے (i) پنچایت (ii) آرام وسکون

05
6. کتاب میں دی گئی نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔

10
7. والدہ صاحبہ کے نام خط لکھیں جس میں موسم گرما کی تعطیلات کا ذکر ہو یا محلہ کی صفائی کے لیے ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست لکھیے۔

05
8. ایک کہانی لکھیے جس کا عنوان ہو "جیسے کو تیسا" یا مہنگائی کے موضوع پر دکاندار اور گاہک کے درمیان مکالمہ لکھیے۔

05
9. درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔

i. علی نے خط کو لکھا۔ ii. اختر نے طالب علم پڑھایا۔ iii. تم نے کیلا کو کھایا۔ iv. لڑکوں نے کرکٹ کو کھیلا۔ v. عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال، محاورات کی تکمیل کریں۔

i. آپ آئے--- ii. بلی کے بھاگوں--- iii. تخم تاثیر--- iv. بوڑھی گھوڑی لال--- v. ہتھیلی پر سرسوں---